Transport for NSW

روڈ سیفٹی

بس میں سیٹ بیلٹ کے ذریعے حفاظت

سیٹ بیلٹ زندگیاں بچاتی ہیں

اگر بس میں سیٹ بیلٹ ہے تو اسے پہننا **قانون** ہے۔ سیٹ بیلٹ پہننے سے حادثے سے بچنے کا امکان دوگنا ہو جاتا ہے اور چوٹ لگنے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔

بس میں، یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ اپنی سیٹ پر بیٹھیں اور مناسب طریقے سے محفوظ اور ایڈجسٹ کردہ سیٹ بیلٹ پہنیں۔

سیٹ بیلٹ صحیح طریقے سے پہنیں

سیٹ بیلٹ کا گود کا حصہ آپ کے کولھوں کی ہڈیوں کے حصے پرچپٹا ہونا چاہئے اور سیش آپ کے سینے اور درمیانی کندھے پر گرنا چاہئے۔

ہمیشہ یقینی بنائیں کہ آپ کی سیٹ بیلٹ کو مضبوطی سے ایڈجسٹ کیا گیا ہے۔

سیٹ بیلٹ کیوں اہم ہے؟

کسی بھی گاڑی میں سیٹ بیلٹ پہننے سےحادثے کی صورت میں آپ کی حفاظت میں مدد ملتی ہے۔

حادثے میں، ایک سیٹ بیلٹ:

- جسم کو اس رفتار سے سست کرنے میں مدد دیتی ہے جس رفتار سے گاڑی آہستہ ہوتی ہے
- ٹکر کی قوت کو جسم کے مضبوط حصوں (ناف کے نچلے حصے و رانوں کے درمیان اور چھاتی کی جگھوں) پر پھیلا دیتی ہے
- مسافروں کے ایک دوسرے سے یا گاڑی کے اندر سے ٹکرانے کے خطرے کو کم کردیتی ہے
- ڈرائیور یا مسافروں کے گاڑی سے باہر پھینکے جانے کے خطرے کو کم کردیتی ہے۔

ہمیشہ محفوظ طریقے سے سیٹ بیلٹ باندھیں۔

سیٹ بیلٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **transport.nsw.gov.au/seatbelts** ملاحظہ کریں

اسٹاک کوڈ 45095381 جون 2024 © ٹرانسپورٹ برائے NSW

NSW کی سڑکوں پر بہت زیادہ جانیں ضائع ہوتی ہیں۔
ہمارا مقصد انہیں صفر بنانا ہے۔

TOWARDS ZERO

NSW GOVERNMENT